اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# دعائے حاجات اجتماع سے متعلق ترغیبی اعلان

**مدنی پھول:** ماہ جُمادَی الآخر کے دوسرے ہفتے ہفتہ وار سنتوں بھرے معمول کے اعلانات کے دورانیہ میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات شامل کئے جائیں:

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!**

آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی دکھیاری امت کی غم خواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں (مثلاً: اولاد کی نافرمانی، تنگدستی، بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقی) گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لیے خوشخبری ہے کہ الحمد للہ آفتوں، مصیبتوں کے دور ہونے اور مشکلات کے حل کے لئے آیندہ ہفتے اسی جگہ، اسی مقام، اسی وقت پر اجتماع دعائے حاجات ہو گا۔

ان شآء اللہ الکریم

رسول پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر — مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولٰی

(وسائل بخشش ص99)

اس اجتماع کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں ہم جان سکیں گے کہ مصیبتیں، تکلیفیں، پریشانیاں، بیماریاں کیوں آتی ہیں؟ اللہ کی رِضا میں راضی کیسے رہا جا سکتا ہے۔

مختلف پریشانیوں کے حل کے روحانی علاج نہ صرف بیان کئے جائیں گے بلکہ یاد کروانے کے ساتھ ساتھ یہ پیپر تقسیم بھی کئے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ اللہ پاک کے مبارک نام کا ورد بھی کروایا جائے گا۔ **جہاں روحانی علاج کا بستہ لگنا ممکن ہو وہاں اعلان کر دیا جائے (ایک ہفتے قبل) کہ مخصوص تعداد میں ٹوکن دیئے جائیں گے اور اجتماع سے پہلے یا بعد صرف 41 یا 52 منٹ کے لئے مشکلات اور پریشانیاں دور ہوں اس کے لئے بستے پر تعویذات دیئے جائیں گے۔**

ان شآء اللہ الکریم دنیا میں جہاں کہیں مسلمان پریشان ہیں ان کے لئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی آیئے نیت کرتے ہیں کہ وقت کی پابندی کے ساتھ ضرور بہ ضرور اس اجتماع دعائے حاجات میں شرکت کریں گے اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی دعوت دے کر اپنے ساتھ لائیں گے۔ ان شآء اللہ الکریم

اجتماع دعائے حاجات کی برکتوں سے متعلق مدنی بہار سماعت فرمائیں۔

## مدنی بہار:

جامعۃ المدینہ (فیضِ مدینہ) کراچی میں فیضانِ شریعت کورس کی طالبہ کا حلفیہ بیان ہے کہ "میری بہن کی ٹانگ میں بہت تکلیف رہتی تھی اور وہ اس تکلیف کی وجہ سے چل بھی نہیں سکتیں جب ہمیں معلوم ہوا کہ جامعۃ المدینہ میں مصیبتوں اور پریشانیوں کے حل کے لیے خاص اجتماع منعقد ہو رہا ہے تو ہم بھی اس اجتماع میں شریک ہوئے میں نے اور میری امی نے میری بہن کی بیماری سے نجات کے لیے دعا کی الحمد للہ اس اجتماع میں شرکت اور دعا کی برکت سے میری بہن کی ٹانگوں کی تکلیف میں بہت کمی ہوئی اور ان کا کہنا ہے کہ روز بہ روز تکلیف میں بہت کمی ہے میری والدہ کا ذہن بنا ہے کہ وہ ہر ہفتے اجتماع میں شرکت کیا کریں گی۔